22389 - چاشت کی نماز کا وقت

سوال

اشراق اور چاشت كى نماز كا مناسب وقت كيا ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اشراق كى نماز اول وقت ميں ادا كرنا ہى چاشت كى نماز ہے، اور يہ دو مختلف نمازيں نہيں، اس كا نام اشراق اس ليے ركھا گيا ہے كہ يہ سورج نكلنے اور بلند ہونے كے بعد ادا كى جاتى ہے.

شيخ ابن باز رحمہ اللہ تعالى كہتے ہيں:

اول وقت ميں چاشت كى نماز ادا كرنا اشراق كى نماز كہلاتا ہے.

ديكھيں: مجموع فتاوى الشيخ ابن باز (11 / 401).

اور چاشت كى نماز كا وقت سورج كےطلوع اور اس كے بلند ہونے سے ليكر ظہر كى نماز سے قبل تك رہتا ہے.

اور شيخ ابن عثيمين رحمہ اللہ تعالى نے اس كا اندازہ لگايا ہے كہ:

تقريبا سورج طلوع ہونے كے پندرہ منٹ بعد سے ليكر نماز ظہر سے تقريبا دس منٹ قبل تك ہے.

ديكھيں: الشرح الممتع (4 / 122).

تو يہ سارا وقت چاشت كى نماز كا ہے.

(اور افضل يہ ہے كہ اس كى ادائيگى سورج كى گرمى ہونے كے بعد ہو كيونكہ رسول كريم صلى اللہ عليہ وسلم كا فرمان ہے:

" اوابين كى نماز اس وقت ہے جب اونٹ كا بچہ ريت گرم ہونے سے اپنے پاؤں اٹھائے"

صحیح مسلم حدیث نمبر (748).

اور الفصال: اونٹ کے بچے کو کہتے ہیں، اور ترمض کا معنی یہ ہے کہ جب اسے سورج کی گرمی لگے.

دیکھیں: مجموع فتاوی ابن باز (11 / 395).

اور علماء کرام نے اس کا اندازہ دن کا چوتھائی حصہ لگایا ہے، یعنی ظہر اور طلوع شمس کے مابین نصف وقت.

دیکھیں: المجموع للنووی (4 / 36) اور الموسوعة الفقهية (27 / 224)

واللہ اعلم .